University of Health Sciences Lahore

PUBLIC NOTICE

MBBS & BDS Admissions

into Private Sector Medical and Dental Colleges of Punjab

Session 2023-2024

As per the Admission Policy of the Punjab Government, centralized admissions are currently in progress for private medical and dental colleges within the province. Three selection lists have been issued thus far. It has come to our attention that certain candidates, who originally prioritized MBBS in their admission forms, found their names listed under BDS due to merit-based considerations. Despite explicit university instructions, these individuals failed to submit the required fee and securing their seats promptly, leading to the cancellation of their admission.

In this regard, the Provincial Admission Committee, during its meeting on January 24, 2024, has decided to extend a one-time opportunity to such candidates who were granted admissions to BDS program in any of the three selection lists so far released as per their merit but who failed to submit their fee by the due date. To be considered for MBBS admission, all interested candidates must submit a duly filled **affidavit on Rs.100 stamp paper at the University of Health Sciences Lahore by January 26, 2024, 05:00 PM. The affidavit should confirm that despite being initially named in the BDS list, they did not submit the fee by the due date, and now, they express a desire to be considered for MBBS admission subject to availability of seats in any of the colleges selected by them in their order of preference. They must affirm that they understand that, if granted, their admission shall be in accordance with the merit of vacant seats and not as per the current merit of the filled seats in the colleges.**

Candidates who submit the affidavit by the specified date will undergo evaluation for MBBS admission, considering their merit, preferences, and seat availability. **Admission in such cases shall be dependent on vacant seats and shall not affect the rights of previously admitted candidates. It's crucial to note that permission to submit the affidavit is a one-time opportunity, and there will be no chances to resubmit the fee for BDS.**

Prof. Dr. Ahsan Waheed Rathore
Vice Chancellor
University of Health Sciences,
Khayaban-e-Jamia Punjab, Lahore-54600
Ph: 042-99231305-09

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز لاہور

پنجاب کے پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں

داخلہ برائے سیشن 24-2023

پبلک نوٹس

صوبے کے پرائیویٹ میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں پنجاب حکومت کی پالیسی کے مطابق سنٹرلائزڈ داخلوں کا عمل جاری ہے اور اب تک تین سلیکشن لسٹیں جاری کی جا چکی ہیں۔ اس حوالے سے ایسے تمام امیدوار جنھوں نے اپنے ایڈمیشن فارم میں ایم بی بی ایس اور بی ڈی ایس دونوں پروگرامز کو سلیکٹ کیا تھا تاہم ترجیح (Priority) ایم بی بی ایس کو دی تھی لیکن میرٹ کے مطابق کسی بھی سلیکشن لسٹ میں اُن کا نام پہلی مرتبہ بی ڈی ایس میں آیا تھا اور انھوں نے یونیورسٹی کی واضح ہدایات کے باوجود فیس جمع نہ کروا کر اپنی سیٹ محفوظ نہیں کی تھی جس کی بناء پر اُن کا داخلہ منسوخ ہو گیا تھا، صوبائی داخلہ کمیٹی نے اپنے 24 جنوری 2024ء کے اجلاس میں ایسے امیدواروں کو داخلے کا ایک آخری موقع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایسے تمام امیدوار اگر یہ چاہتے ہیں کہ انھیں اس مرحلے پر ایم بی بی ایس میں داخلے کیلئے زیر غور لایا جائے تو وہ لازماً 26 جنوری 2024ء شام 5 بجے تک یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز میں کم از کم سو روپے کے سٹیمپ پیپر پر ایک بیان حلفی (Affidavit) جمع کروائیں جس میں یہ درج ہو کہ انھوں نے بی ڈی ایس میں نام آنے کے باوجود فیس جمع نہ کرا کے اپنا داخلہ محفوظ نہیں کیا تاہم وہ اب داخلے کے خواہشمند ہیں اور اب اگر اُن کے سلیکٹ کیے گئے کالجز میں کوئی خالی سیٹیں موجود ہیں تو انھیں ان خالی سیٹوں کے میرٹ کے مطابق ایم بی بی ایس میں داخلے کے لیے زیر غور لایا جائے۔ امیدواران کو اس بات کی تصدیق کرنا ہو گی کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ ایسی صورت میں داخلہ کالجوں کی بھری جا چکی سیٹوں کے میرٹ کے مطابق نہیں بلکہ اُن میں موجود خالی سیٹوں کے میرٹ کے مطابق دیا جائیگا۔ مقررہ تاریخ تک بیان حلفی (Affidavit) جمع کروانے والے امیدواروں کو چوتھی یا بعد ازاں لگنے والی کسی سلیکشن لسٹ میں اُن کے میرٹ، چوائس اور دستیاب سیٹوں کے مطابق ایم بی بی ایس میں داخلہ کیلئے زیر غور لایا جائے گا۔ ایسے تمام امیدوار یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ ان کا داخلہ خالی سیٹوں کی موجودگی سے مشروط ہو گا اور یہ کسی صورت بھی پہلے سے داخل شدہ امیدواروں کے حق کو متاثر نہیں کر سکیں گے۔ مزید برآں بیان حلفی (Affidavit) جمع کرانے کی اجازت صرف ایک مرتبہ دی جائے گی اور ایسے کسی بھی امیدوار کو بی ڈی ایس میں دوبارہ فیس جمع کرانے کا موقع نہیں دیا جائے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر احسن وحید راٹھور، وائس چانسلر
یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز
خیابان جامعہ پنجاب، لاہور
فون نمبر: 042-99231305-09

/uhs.lhrofficial /uhs.lhrofficial /uhslhrofficial /uhslhrofficial www.uhs.edu.pk

DFA pl...
27/1/24